مسنون دعائیں ہیں جو اسوۂ حسنہ سے ثابت ہیں۔ فاضل مصنف کا یہ کہنا بھی بجا ہے کہ قرآن و حدیث میں منقول دعاؤں میں بحق فلاں وغیرہ کے الفاظ نہیں ملتے۔ البتہ کسی نیک آدمی کی زندگی میں اس کے پاس جانا اور اس سے اللہ کے حضور دعا کے لئے کہنا عین درست ہے۔

الغرض مصنف نے بہت محنت سے متعلقہ عنوان کی آیات اور احادیث کو اس کتابچے میں اکٹھا کر دیا ہے۔ بجا طور پر کہا جا سکتا ہے کہ جو شخص تعصب کو بالائے طاق رکھ کر اس کتابچے کا مطالعہ کرے گا اسے زیارت القبور اور الوسیلہ کے سلسلہ میں صحیح راہنمائی مل جائے گی۔

اس اہم عنوان پر تیار کئے جانے والے اس کتابچے کی پروف ریڈنگ پوری احتیاط سے نہیں ہو سکی۔ اگلی اشاعت میں اغلاط کی اصلاح ہو جانی چاہئے۔

☆☆☆

نام کتاب = معراج المؤمنین (کتاب الصلوٰۃ)

مؤلف = اشفاق الرحمٰن خان

ملنے کا پتہ = 51-2 ڈی۔ ماڈل ٹاؤن لاہور

نماز پنجگانہ کی اہمیت مسلم ہے۔ ہر مؤمن پر اقامت صلوٰۃ پابندئ اوقات کے ساتھ لازم ہے۔ پھر نماز کی ادائیگی کا انداز بھی وہی ہونا چاہئے جو مسنون ہے۔ نبی اکرم ﷺ کا ارشاد ہے کہ "نماز اس طرح پڑھو جیسے مجھے نماز پڑھتے دیکھتے ہو"۔ فاضل مصنف نے یہ کتاب اسی نقطہ نظر سے لکھی ہے کہ ہر مسلمان نماز کی ادائیگی مسنون طریقے سے کر کے بھرپور ثواب حاصل کر سکے۔

چونکہ نماز سے قبل طہارت ضروری ہے لہذا اسوۂ حسنہ کی روشنی میں طہارت حاصل کرنے یعنی وضو اور غسل کا طریقہ بھی بتا دیا گیا ہے۔ پھر نماز کے تمام ارکان کی ادائیگی کا مسنون طریقہ بتاتے ہوئے متعلقہ احادیث بھی لکھ دی گئی ہیں' تاکہ قاری ان احادیث کو خود پڑھ کر مطمئن ہو سکے۔ کتاب میں کوئی غیر مستند بات دیکھنے میں نہیں آئی۔

مصنف نے بہت عرق ریزی سے کام لے کر نماز سے متعلق تمام باتوں کی وضاحت کرتے ہوئے متعلقہ احادیث بھی متن اور ترجمے کے ساتھ درج کر دی ہیں۔ چنانچہ اس کتاب میں پنجگانہ نماز کے علاوہ دیگر مسنون نمازوں مثلاً نماز تہجد' نماز تراویح' نماز جمعہ' نماز عیدین' نماز خوف' مسافر کی نماز' مریض کی نماز' صلوٰۃ الحاجت' صلوٰۃ التسبیح' نماز استخارہ کی ادائیگی کے متعلق بھی مستند معلومات دے دی گئی ہیں۔

© rasailojaraid.c